© rasailojaraid.com



# کیا آپ کو معلوم ہے؟

## ذہن کی ورزش انعامی مقابلہ ۵

۱۔ اللہ تعالیٰ نے کس نبی کو قرآن میں امام الناس کہا ہے؟

۲۔ کس ملک میں تیرھویں سے سترہویں صدی تک چمڑے کے سکّے کرنسی کے طور پر استعمال ہوئے تھے؟

۳۔ امریکہ میں مدینہ نام کے دو شہر ہیں بتائیے کن کن ریاستوں میں ہیں؟

۴۔ بتائیے مندرجہ ذیل الفاظ کے کیا معنی ہیں؟

(ا) بابر (ب) التمش (ج) ہمایوں (د) ٹیپو (ہ) ایبک۔

۵۔ ابوالمظفر "مغل شہنشاہوں کی کنیت تھی کیا آپ دونوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

۶۔ سرسید احمد خاں کی کس کتاب کو دیکھ کر رائل سوسائٹی نے ان کو اپنا آنریری فیلو مقرر کر لیا تھا؟

۷۔ کس ملک کی کرنسی کا نام وہی ہے جو اس ملک کا نام ہے؟

۸۔ اکبر کے رتن فیضی کے مکاتیب کے مجموعہ کا کیا نام تھا؟

۹۔ پہلا مصرعہ بتائیے؟ لو آپ اپنے دام میں صیّاد آگیا۔

۱۰۔ بنی امیہ کے خلیفہ کا نام بتائیے جس کے چار بیٹے خلیفہ ہوئے؟

آپکے جواب ۵ اپریل تک پہنچ جانے چاہئیں۔ درست جواب اور قرعہ اندازی میں نام نکلنے کی صورت میں سال بھر کے لئے برہان مفت بھیجا جائے گا۔ اپنے جوابات کے ساتھ ٹوکن ضرور بھیجیں۔ خط اس پتے پر لکھیں۔

"انچارج" ذہن کی ورزش انعامی مقابلہ نمبر ۵ دفتر "برہان" اردو بازار جامع مسجد دہلی ۱۱۰۰۰۶

© rasailojaraid.com